FIOM

2003
CONTRATTO
METALMECCANICI

میٹل ورک کے مزدور خواتین و حضرات

سی جی آئی ایل کی طرف سے دیے گئے منشور کے اہم بنیادی نقاط

میٹل ورک کے شعبہ کے تمام ورکرز خواتین و حضرات منشور میں پیش کردہ تمام بنیادی نقاط کی تفصیل پر غور کر سکتے ہیں۔ اہم نقاط درج ذیل ہیں

۔ سب سے پہلے عارضی کام کی مدت کی حد زیادہ سے زیادہ آٹھ ۸ ماہ کی مقرر کی جائے اور اس کے بعد غیر محدود مدت کے کنٹریکٹ کی بھرتی ہو جائے ۔ فیکٹری میں یونین لیڈر کو عارضی کام کی ضرورت پر غور کرنے کا اختیار دیا جائے

۔ فیکٹریوں کو مجبور کیا جائے کہ وہ کسی بھی مزدور کو کام سے نکالنے سے پہلے تمام ممکنہ امور برائے یکجہتی کا اہتمام کرے۔

۔ تمام ایسے خواتین و حضرات ورکرز جو نامناسب شفٹ یا رات کی شفٹ کرتے ہیں ان کے لیے اوقات کار میں کمی کی جائے

۔ مزدوروں کے لیے ٹریننگ کی مانگ کی جدوجہد۔ ورکرز کے پہلے سے ماہرانہ ٹریننگ کے لیے موجود حقوق میں اضافہ کی ضمانت مہیا کی جائے۔ فیکٹری میں یونین لیڈر کو اختیار دیا جائے کہ وہ مزدوروں کی ماہرانہ ٹریننگ کے حوالے سے ان کے حقوق کی حفاظت کر سکے

۔ صحت کے لیے نئے قوانین، فیکٹری میں موجود آر ایل ایس کو اس کا کام بہتر طریقے سے انجام دینے کی ضمانت اور تمام ورکرز کو صحت اور سیکورٹی کے حوالے سے معلومات اور بیماری کے متعلق قوانین میں مزید بہتری کی ضمانت مہیا کی جائے

۔ میٹل ورک کے تمام مزدوروں کو ان کی بہتر تعلیم کے لیے ۱۵۰ گھنٹے کا وقت استعمال کرنے کا حق دیا جائے

۔ ایسے اصول و قوانین کا حصول ممکن بنایا جائے جو ورکرز کی عظمت اور تشخص کی بلا امتیاز جنس، عمر، مذہب اور ملک کی ضمانت مہیا کرے

۔ اور یقینی طور پر تنخواہ میں اتنا اضافہ جو اس دور کی پیداواری ضروریات زندگی کے حصول کے لیے کافی ہو۔ ووٹ کے ذریعے یہ فیصلہ ورکرز پر چھوڑ دیا جائے کی وہ یہ اضافہ، ۱۳۵ یورو، سب کے لیے ٹھیک ہے یا پچھلے تمام معاہدوں کے برعکس مختلف ہو گی

حقوق : تارکین وطن کے لیے اہم نقاط

خصوصی طور پر تارکین وطن ورکرز کے فائدے کے لیے۔ فیکٹریوں کو چاہیے :

۔ مخصوص گھنٹے (بانکا اورے) کے استعمال کے ذریعے، پرمیسی یعنی اجازت، اور فیریاں ان کو ان کے اپنے ملک جا کر ان کی فیملی کے ساتھ منانے کی ضمانت مہیا کی جائے

۔ ان کی پرمیسی یعنی اجازت، ان کے تمام دفتری معاملات نپٹانے کے لیے یعنی پرمیسو دی سوجورنو نئی کروانے وغیرہ کے لیے استعمال کرنے کی ضمانت مہیا کی جائے

۔ ایسے فیکٹری میس کا اہتمام کیا جائے جو غیر ملکی ورکرز کو ان کے مخصوص اور مذہبی لحاظ سے کھانے کا بندوبست ہو

۔ فیکٹری کے تمام کنٹریکٹ، تمام معلوماتی پمفلٹ، سیکورٹی سے متعلق تمام مواد، تمام اصول و قوانین کا غیر ملکیوں کی مادری زبان میں ترجمہ کرنے کا سسٹم لایا جائے۔ اور اس کے علاوہ غیر ملکیوں کو اٹالین زبان کے کورسز کا اہتمام فیکٹریوں کی طرف سے کیا جائے

www.fiom.cgil.it - fiom@mail.cgil.it